## لاہور میں بم دھماکوں پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

## بم دھماکوں کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے، الطاف حسین

لندن۔۔۔26، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور کے علاقے ہال روڈ، بیڈن اسٹریٹ اور رفیع پلازہ کے قریب یکے بعد دیگرے بم دھماکوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکوں میں متعدد افراد کے زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دھماکے شہریوں کو ہراساں کرنے اور لاہور میں امن وامان کی صورتحال خراب کی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ لاہور میں بم دھماکوں میں ملوث سفاک عناصر کو گرفتار کر کے عبرتناک سزادی جائے اورعوام کے جان ومال کے تحفظ فراہم کرنے کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ جناب الطاف حسین لاہور بم دھماکوں کے تمام زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## لاہور میں نجی ٹی وی کے صحافیوں اور کیمرہ مین پر پولیس تشدد کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔26، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لاہور میں ایس ایچ او گلبرک اور پولیس اہلکاروں کی جانب سے نجی ٹی وی کے کیمرہ مین فرخ آصف اور دیگر صحافیوں کو بدترین تشدد کا نشانہ بنانے سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے آزادی صحافت پر حملہ قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لاہور میں پولیس کی جانب سے نجی ٹی وی کے کیمرہ مین فرخ آصف اور صحافیوں پر تشدد محکمہ پولیس میں موجود غیر ذمہ دار عناصر کی واضح نشاندہی کرتا ہے اور ایسا پولیس تشدد سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ صحافیوں کو اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریاں ادا کرنے کی سزادی جارہی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ نجی ٹی وی کے کیمرہ مین فرخ آصف اور دیگر صحافیوں پر تشدد کرنے والے ایس ایچ او گلبرگ، لاہور اور دیگر پولیس اہلکاروں کیخلاف فوری کارروائی کا نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث افسران اور اہلکاروں کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کی جائے۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی اور اشفاق منگی نے درگاہ سخی عبدالوہاب شاہ جیلانیؒ کے مزار پر حاضری دیکر الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی

حیدرآباد۔۔۔26، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی اور اشفاق منگی نے درگاہ سخی عبدالوہاب شاہ جیلانیؒ کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار شریف پر چادر چڑھائی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن ندیم احمد، ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف، اراکین زونل کمیٹی صابر قریشی، محمد فاروق، خالد حسین، راشد خلجی، صلاح الدین، رسول بخش میمن اور فروزہ خانزادہ کے علاوہ ایم کیو ایم سیکٹرای کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی، دہشت گردی کے خاتمے، ایم کیو ایم کے حق پرستانہ مشن ومقصد کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔

## اگر ملک اوراس کے غریب عوام کی حالت زار کو بدلنا ہے تو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے پر اس کی روح کے مطابق عمل پیرا ہونا ہوگا، جاوید کاظمی ایم کیوایم حیدرآباد زون کے تحت پکا قلعہ میں منعقدہ تربیتی اجلاس سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔26، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن جاوید کاظمی نے کہا کہ اگر ملک اوراس کے غریب عوام کی حالت زار کو بدلنا ہے تو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے پر اس کی روح کے مطابق عمل پیرا ہونا ہوگا بصورت دیگر 98 فیصد عوام کو جبر کے نظام سے نجات دلانے کا خواب کبھی پورا نہ ہوسکے گا، اقتدار کبھی بھی ہماری منزل نہیں، ایم کیوایم آج بھی تمام تر نامسائد حالات کے باوجود اقتدار میں شامل ہوکر 98 فیصد عوام کو جبر کے نظام سے نجات دلانے کیلئے کوشش کررہی ہے اور یہ ہی اس کا مشن ومقصد ہے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم حیدرآباد زون کے تحت پکا قلعہ میں سیکٹرز ویونٹس اورشعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان کے تربیتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔تربیتی اجلاس میں رکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی، آئی ایس ٹی سی کے اراکین ندیم احمد، فرزانہ ظفر، حیدرآباد زونل کمیٹی کے انچارج محمد شریف، جوائنٹ انچارجز صابر قریشی، محمد فاروق واراکین کے علاوہ مختلف سیکٹرز ویونٹس کمیٹیوں اورشعبہ جات کے ارکان کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔ جاوید کاظمی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی انتھک محنت کی بدولت ہی ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام میں انقلابی سوچ بیدار ہورہی ہے اور ملک کے عوام یہ بات جان چکے ہیں کہ اب ایم کیوایم اور قائد تحریک الطاف حسین ہی اس ملک کو بچانے کی آخری امید ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج ملک بھر میں قائد تحریک الطاف حسین کے تیزی سے پھیلتے ہوئے نظریہ نے جاگیردار وسرمایہ دارانہ نظام کے حامیوں کی نیندیں حرام کردی ہے اورانہیں ایم کیوایم کی مقبولیت ایک آنکھ نہیں بھا رہی ہے، جناب الطاف حسین پاکستان کے دیگر لیڈروں کی طرح نہ تو وڈیرے جاگیردار ہیں اور نہ ہی جاگیردارانہ نظام وطرز سیاست کے حامی ہیں۔اجلاس سے آئی ایس ٹی سی کے رکن ندیم احمد اور زونل انچارج محمد شریف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تحریکوں کا سفر بڑا کٹھن اورصبر آزما ہوتا ہے، تحریک سے وابستہ افراد کو ہر موڑ پر مختلف آزمائشوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور جن تحریکوں کے میں تحریک سے وابستہ افراد نظریاتی وابستگی پر پورا اترتے ہیں وہ ہی تحریکیں کامیابی سے ہمکنار ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم بھی ایک تحریک ہے جو قائد تحریک الطاف حسین کے مشن ومقصد اورنظریہ پر عمل پیرا ہوکر جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کے خاتمے کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے تمام ذمہ داران وکارکنان پر زور دیا کہ وہ تحریک کے کام کو مزید آگے بڑھائیں اورخود کو نظریاتی بنیادوں پر مستحکم کریں۔

## برطانیہ کے شہر بریڈفورڈ کے کئی کونسلروں اورممتاز سیاسی وسماجی شخصیات کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت
## الطاف حسین ہی سچے عوامی رہنما ہیں اورایم کیوایم ہی صحیح معنوں میں ایک عوامی جماعت ہے جو واقعتاً ملک میں تبدیلی لاسکتی ہے
## بریڈفورڈ میں اجتماع سے ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، پیٹر براکے سابق لارڈ میئر چوہدری ایوب، کونسلر شفیق محمد، پیر سید عرفان مشہدی اور یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان منشاء خان اورعبدالحلیم کا خطاب
## ایم کیوایم کے اجتماع میں بریڈفورڈ میں آباد کشمیریوں اوردیگر کمیونٹیز سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں کی بڑی تعداد میں شرکت

بریڈفورڈ۔۔۔26 جون 2010ء

برطانیہ کے شہر بریڈفورڈ کے کئی کونسلروں اورممتاز سیاسی وسماجی شخصیات نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ان شخصیات نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان بریڈفورڈ میں ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام ہونے والے ایک اجتماع میں کیا جس میں بریڈفورڈ میں آباد کشمیریوں اوردیگر کمیونٹیز سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اجتماع سے ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش کے علاوہ پیٹر براکے سابق لارڈ میئر چوہدری ایوب، کونسلر شفیق محمد، پیر سید عرفان مشہدی اور یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان منشاء خان اورعبدالحلیم نے خطاب کیا۔جبکہ بریڈفورڈ کے کونسلر محمد امین، ایم بی ای فضل حسین، سماجی کارکن حاجی محمود، چوہدری محمد صادق، چوہدری محمد اقبال، شاہ فضل اوردیگر شخصیات نے بھی اس اجتماع میں شرکت کی۔اس موقع پر اپنے خطاب میں ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے کہا کہ پاکستان کی مختلف قومیتوں اور برادریوں خصوصاً کشمیریوں اوراہل پنجاب کو ایم کیوایم سے دوررکھنے کیلئے طرح طرح کے زہریلے پروپیگنڈے کئے گئے لیکن اب تمام قومیتوں، برادریوں، مختلف مذاہب اورمسالک سے تعلق رکھنے والے افراد اس حقیقت کو پہچان چکے ہیں کہ ایم کیوایم کے بارے میں پھیلائے گئے تمام منفی پروپیگنڈے سراسر جھوٹ اور بے بنیاد ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ہی وہ واحد جماعت ہے جو جاگیرداروں، وڈیروں اورسرداروں کی نہیں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی نمائندہ جماعت ہے۔ڈاکٹر سلیم دانش نے

کہا کہ پاکستان کے اقتدار اور تمام وسائل پر مراعات یافتہ طبقہ کے چند با اثر خاندانوں کا قبضہ ہے جو ملک کی دولت لوٹ کر امیر سے امیر تر ہو رہے ہیں اور ملک اور بیرون ملک اپنی جاگیریں اور جائیدادیں بنا رہے ہیں جبکہ ملک کے غریب عوام غربت تنگدستی اور فاقہ کشی سے مجبور ہو کر خودکشی کر رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی ہر سیاسی ، مذہبی اور قوم پرست جماعت پر کسی نہ کسی خاندان کا قبضہ ہے اور وہاں موروثی نظام رائج ہے،ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو موروثی سیاست کے خلاف ہے، قائد تحریک الطاف حسین نے تو خود کبھی الیکشن لڑا اور نہ ہی ان کا کوئی بھائی بہن ، بھانجہ بھتیجا یا خاندان کا کوئی فرد اسمبلیوں کا ممبر بنا۔ وقت آ گیا ہے کہ ملک اور بیرون ملک آباد پاکستانی عوام پاکستان کو جاگیرداروں، وڈیروں اور لٹیروں کے چند خاندانوں کے قبضہ سے نجات دلانے اور ملک میں حقیقی منصفانہ نظام کے قیام کیلئے میدان عمل میں آ کر عملی جدوجہد کریں۔اس موقع پر پیٹربرا کے سابق لارڈ میئر چوہدری ایوب، کونسلر شفیق محمد اور پیر سید عرفان مشہدی نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہم تمام جماعتوں کو آزما چکے ہیں اور اب ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ ایم کیوایم ہی وہ جماعت ہے جو صحیح معنوں میں ایک عوامی جماعت ہے جو واقعتاً ملک میں تبدیلی لاسکتی ہے اور الطاف حسین ہی صحیح معنوں میں ایک سچے عوامی رہنما ہیں۔انہوں نے ایم کیوایم کی جانب سے غریب و متوسط طبقہ کی قیادت کو اسمبلیوں میں بھیجنے کو ایک انقلابی قدم قرار دیا اور ایم کیوایم کی قیادت کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد میں وہ اس کے ساتھ ہیں۔

## محمد وقار اور ذیشان المبین کے بہیمانہ قتل میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے، اراکین قومی اسمبلی
## مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکنان محمد وقار اور ذیشان المبین کا بہیمانہ قتل امن خراب کرنیکی سازش کا تسلسل ہے

کراچی۔۔۔26، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے شاہ فیصل کالونی میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن محمد وقار عالم اور یونٹ 105 کے کارکن ذیشان المبین کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے اور ان واقعات کو شہر کا امن خراب کرنے کیلئے جاری سازش کا تسلسل قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ کارکنان کے قتل میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ ایک لسانی تنظیم، لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر گٹھ جوڑ نے منصوبے کے تحت کراچی کا امن وسکون غارت کرنے اور اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل کیلئے ٹارگٹ کلنگ اور دہشت گردی کے ذریعے معصوم و بے گناہ شہریوں کو قتل وغارت گری کا نشانہ بنا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ شاہ فیصل کالونی میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں محمد وقار اور ذیشان المبنین کا قتل بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کا مقصد شہر میں امن وامان کی صورتحال کو نقصان پہنچانا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ محمد وقار اور ذیشان المبین کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور محمد وقار عالم، ذیشان المبین سمیت ٹارگٹ کلنگ میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے قاتلوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔انہوں نے محمد وقار شہید اور ذیشان المبین شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## حق پرست عوام عبدالقادر لاکھانی کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین
## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے عبدالقادر لاکھانی کی عیادت کی

لندن۔۔۔26، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ایلڈ رونگ کے رکن عبدالقادر لاکھانی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ عبدالقادر لاکھانی کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاہد لطیف، واسع جلیل اور قاسم علی رضا نے مقامی اسپتال جا کر عبدالقادر لاکھانی کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔انہوں نے عبدالقادر لاکھانی کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کے لئے دعا بھی کی۔

## حق پرست عوام مسز طاہرہ زیدی (طاہرہ آپا) کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔26 ، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم یو کے یونٹ کی کارکن طاہرہ زیدی (طاہرہ آپا) کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ طاہرہ زیدی (طاہرہ آپا) کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## بہاولپور میں کوچ اور منی بس کے تصادم کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔26، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بہاولپور میں کوچ اور منی بس کے درمیان ہونے والے خوفناک تصادم کے نتیجے میں متعدد مسافروں کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## بجلی کی لوڈشیڈنگ اور پانی کے شدید بحران کے باعث شہری دوہری پریشانیوں اور مسائل کا شکار ہو چکے ہیں، ارکان صوبائی اسمبلی

کراچی۔۔۔26، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ اور پانی کی شدید قلت کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے ٹھوس اور عملی نوعیت کے اقدامات فی الفور بروئے کار لائے جائیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی کی طویل دورانیئے کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے پانی کے شدید بحران نے شہریوں اور کاروباری طبقے کے معمولات زندگی کو بری طرح سے متاثر کر رکھا ہے، صنعتیں اور فیکٹریاں تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہیں، اسکولوں اور کالجز میں طلباء کی پڑھائی متاثر ہورہی ہے اور اسپتالوں میں اہم نوعیت کے آپریشن ملتوی کئے جارہے ہیں جس کے باعث شہریوں کی زندگی اجیرن بن چکی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایک جانب تشہیری مہم کے ذریعے بجلی کی بچت کیلئے ایئر کنڈیشنر، بلب، پنکھے اور دیگر برقی آلات کو بلاضرورت استعمال نہ کرنے کی تلقین کی جارہی ہے جبکہ دوسری جانب حقیقت یہ ہے کہ بجلی گھنٹوں غائب رہتی ہے اور ایسی صورتحال میں شہری برقی آلات کو اپنے روزمرہ کے استعمال میں لانے سے بھی محروم ہیں جبکہ وولٹیج اپ ڈاؤن ہونے کے باعث گھروں میں موجود برقی آلات بھی جل رہے ہیں جس کے باعث شہری دوہری پریشانیوں اور مسائل کا شکار ہو چکے ہیں۔حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے وفاقی وزیر پانی وبجلی راجہ پرویز اشرف اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ اور پانی کے بحران کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے متعلقہ حکام سے سختی سے باز پرس کی جائے اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر سطح پر مثبت اور ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر جعفر آباد کے ڈسٹرکٹ انچارج کو تنظیم سے خارج کردیا

## ایم کیوایم جعفرآباد کی ڈسٹرکٹ کمیٹی تحلیل کرنے کا اعلان

کراچی ۔۔۔26، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث ہونے پر ایم کیوایم بلوچستان جعفر آباد کے ڈسٹرکٹ انچارج سردار خان بھٹی کو فوری طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی کہ وہ مذکورہ بالا فرد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں ۔ دریں اثناء رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم جعفر آباد کی ڈسٹرکٹ کمیٹی تحلیل کردی ہے اور جعفر آباد کے تمام کارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ تنظیمی معاملات کے سلسلے میں صوبائی آرگنائزر یوسف شاہوانی سے رابطہ میں رہیں ۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔26 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 146 کے کارکن ریحان عاصم کی والدہ محترمہ راحت فاطمہ بیگم،ایم کیوایم خیر پور زون کے سابقہ زونل کمیٹی کے رکن شعبان نانچ کے بھائی حضور بخش نانچ اور کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن نادر علی کے بھائی محمد اکرم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ( آمین )

☆☆☆☆☆